میں شعبۂ تدریس سے وابستہ ہیں۔ان کا شمار ملک کے ان بہترین عربی قلم کاروں میں ہوتا ہے، جو انگلیوں پر گنے جاسکتے ہیں، عربی تقریر وتحریر میں ان کو قابل رشک ملکہ حاصل ہے اور وہ بلاشبہ قادر الکلام، متمکن اور متقن عربی ادیب ہیں۔ وہ اب تک متعدد کتب کے بہترین عربی ترجمے کر چکے ہیں۔زیر نظر کتاب بھی ''علم الصیغہ'' کا بہترین عربی ترجمہ ہے، اس ترجمہ کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کی زبان انتہائی آسان اور دلنشین ہے، مگر عجمیت کے داغ سے پاک صاف۔ پوری کتاب میں کہیں بھی کسی بھی تعبیر سے نہیں لگتا کہ مترجم عجمی ہیں۔تعبیرات میں رکاکت ہے، تعقید ہے نہ ضعف تالیف۔جابجا بغرض تشریح مفید حواشی بھی لکھے گئے ہیں۔فاضل مترجم نے کتاب کے شروع میں حضرت مولانا محمد رفیع صاحب عثمانی دامت برکاتہم کے تحریر کردہ مقدمہ کا عربی ترجمہ بھی کیا ہے، جو علم اشتقاق اور علم صرف کے مبادی اور ان کی تدوین وغیرہ پر مشتمل ہے۔یہ کتاب کارڈ ٹائٹل، متوسط کاغذ اور عمدہ طباعت کے ساتھ چھپی ہے۔نیز عربی قواعد املاء وترقیم کا بھی خاص خیال رکھا گیا ہے۔

قرآن کریم میں رسول اکرم ﷺ کا عالی مقام: تالیف: حضرت مولانا مفتی عبدالرحمٰن کوثر مدنی، ناشر: زمزم پبلشرز کراچی، صفحات: 276، سائز: 23×36/16، قیمت: 300 روپے۔

زیر نظر کتاب حضرت مولانا مفتی محمد عاشق الٰہی بلند شہری رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادے مفتی عبدالرحمٰن کوثر مدنی کی تالیف ہے، جس میں انہوں نے قرآنی آیات کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے عالی مقام کو بیان کیا ہے۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت، فضیلت اور علوّ مقام پر دلالت کرنے والی آیات کریمہ میں سے ہر ہر آیت کا ترجمہ وتفسیر کرنے اور تفسیری نکات وفوائد بیان کرنے کا بھی انہوں نے خوب اہتمام کیا ہے۔فاضل مؤلف کا طرز استدلال دلچسپ ہے، زبان شستہ، اسلوب بالکل عام فہم اور آسان ہے، آج جب کہ دریدہ دہن کفار، دنیا بھر میں رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی گستاخیاں کر رہے ہیں، اس کتاب کا مطالعہ ان شاء اللہ تعالیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت میں بے انتہا اضافہ کا باعث ہوگا۔کتاب کی جلد بندی مضبوط، طباعت وسیٹنگ معیاری، کاغذ عمدہ اور ٹائٹل دل موہ لینے والا ہے۔

اتمام الصحيفة في توضيح علم الصيغة: مؤلفہ: مفتی عنایت احمدؒ، مترجم: عبدالوحید ملک عبدالحق، صفحات: 210 سائز: 20×30/8، قیمت: 225 روپے، ناشر: زمزم پبلشرز کراچی۔

زیر نظر کتاب ''اتمام الصحيفة في توضيح علم الصيغة''، فن صرف کی شہرۂ آفاق کتاب ''علم الصیغہ'' کا ایک اور عربی ترجمہ ہے، اس میں فاضل مترجم نے صرف ترجمہ پر اکتفاء نہیں کیا، بل کہ جابجا انہوں نے توضیح کی غرض سے اصل عبارت پر ترجمہ میں اضافہ بھی کیا ہے، بعض عبارات، مباحث اور ابواب میں تقدیم وتاخیر بھی کی ہے، اپنی طرف سے بعض مفید مباحث کا اضافہ بھی کیا ہے۔جو گردانیں ناقص تھیں انہیں مکمل کیا گیا ہے، ہر باب کے ساتھ اس کے خواص بھی